More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سبق نمبر:۹

# پاکستان کے موسم

سوال نمبر:(۱) درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:

(الف) پاکستان کے موسموں کے نام مہینوں کے لحاظ سے لکھیے۔

جواب: پاکستان اور پاکستانی قوم اس لحاظ سے بہت خوش قسمت ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں سال کے چاروں موسم یعنی ''گرمی، سردی، بہار اور خزاں'' عطا کیے ہیں۔

(ب) موسم کے لحاظ سے کس موسم میں کون کون سی چیزیں زیادہ کھائی جاتی ہیں؟

جواب: کھانے کے معاملے میں ہر موسم کے مطابق غذا استعمال کرنی چاہیے۔ سردی کے موسم میں جسم کو زیادہ گرم رکھنے والی غذا کھائی جاتی ہیں۔ جبکہ خشک میوہ جات میں بادام، اخروٹ، چلغوزہ، مونگ پھلی، پستے اور کاجو شوق سے کھائے جاتے ہیں۔ دوسری جانب گرم مشروبات مثلاً قہوہ، کافی، چائے، چکن سوپ شوق سے پیے جاتے ہیں جبکہ گرمی کے موسم میں رس دار پھلوں اور ٹھنڈے مشروبات کا استعمال بڑھ جاتا ہے۔ لسی، ستو اور لیموں کی سکنجبین شوق سے پی جاتی ہے۔

(ج) مون سون کی بارشیں کن مہینوں میں ہوتی ہیں؟

جواب: پاکستان میں مون سون کی بارشیں جولائی اور اگست کے مہینوں میں ہوتی ہیں۔

(د) خزاں کے موسم میں فضا کیوں بوجھل ہو جاتی ہے؟

جواب: پاکستان میں ستمبر اور اکتوبر کے مہینوں میں موسمِ خزاں کا راج رہتا ہے۔ خزاں

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

کو پت جھڑ کا موسم بھی کہتے ہیں۔ موسمِ خزاں میں درختوں کے پتے زرد ہو کر گرنے لگتے ہیں۔ درختوں کی شاخیں پتوں کے جھڑ جانے سے بے رونق ہو جاتی ہیں۔ جبکہ فیکٹریوں اور گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں سے فضا بوجھل ہو جاتی ہے جس سے سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے۔

**(ہ) شدید گرمی کے موسم میں کاروبارِ زندگی کیوں ماند پڑ جاتا ہے۔**

**جواب:** گرمی کا موسم پاکستانیوں کے لئے بے شمار پریشانیوں کا سبب بنتا ہے۔ سب سے زیادہ تو بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے عام گھریلو خواتین سے لے کر صنعتکار تک سب ہی پریشان رہتے ہیں۔ بجلی نہ ہونے کے سبب کاروبار ٹھپ پڑ جاتے ہیں جبکہ صنعتی کارخانوں میں اشیاء کی تیاری میں تاخیر ہوتی ہے۔

**سوال نمبر: (۲) سبق کے مطابق درج ذیل دُرست جواب پر صحیح کا نشان (✓) لگائیے۔**

**(الف) درختوں اور پودوں کی ٹہنیاں بے رونق ہو جاتی ہیں۔**

(۱) موسمِ بہار میں (۲) موسمِ خزاں میں (۳) موسمِ گرما میں (۴) موسمِ سرما میں

**(ب) فضا مسموم ہو جاتی ہے۔**

(۱) ریگستانی علاقے میں (۲) برفانی علاقے میں (۳) ساحلی علاقے میں (۴) میدانی علاقے میں

**(ج) سال کی سب سے بڑی رات ہوتی ہے۔**

(۱) دسمبر میں (۲) جون میں (۳) ستمبر میں (۴) جنوری میں

**(د) اسکولوں کی لمبی چھٹیاں ہوتی ہیں۔**

(۱) موسمِ بہار (۲) موسمِ خزاں (۳) موسمِ گرما میں (۴) موسمِ سرما میں

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ہ) سال کا سب سے بڑا دن ہوتا ہے۔

(ا) اپریل میں (۲) مئی میں (۳) جون میں (۴) جولائی میں

**سوال نمبر:(۳) درج ذیل جملوں کو روزمرہ کے لحاظ سے دُرست کر کے لکھیں۔**

(الف) غیر ملکی سیاح بھی ان علاقوں کا رُخ کرتے ہیں۔

(ب) شدید سردی کی وجہ سے زندگی مفلوج ہو جاتی ہے۔

(ج) عدم دیکھ بھال کے سبب بند ٹوٹ پھوٹ گئے ہیں۔

(د) خزاں کے موسم میں درختوں کے پتے زرد ہو ہو کر سوکھنے اور جھڑنے لگتے ہیں۔

(ہ) مئی اور جون سخت گرمی کے مہینے ہوتے ہیں۔

**سوال نمبر:(۴) درج ذیل دُرست بیان پر صحیح کا نشان (✓) لگائیے۔**

(الف) ستمبر اور اکتوبر پاکستان میں خزاں کے مہینے ہیں۔ [✓]

(ب) پت جھڑ کے موسم میں پتے سرسبز ہو جاتے ہیں۔ [X]

(ج) مون سون کی بارشیں دسمبر میں ہوتی ہیں۔ [X]

(د) سردیوں کے موسم میں سیاح سرد علاقوں کا رُخ کرتے ہیں۔ [X]

(ہ) خزاں کے موسم میں سڑکوں اور بازاروں میں ویرانی چھا جاتی ہے۔ [X]

**سوال نمبر:(۵) اس سبق کا تیسرا اور چوتھا پیرا اپنے لفظوں میں لکھیے۔**

جواب: سردی کا موسم پاکستان کے پہاڑی علاقوں میں اکتوبر سے فروری تک جبکہ میدانی علاقوں میں دسمبر سے فروری تک رہتا ہے۔ ۲۲ دسمبر سال کا سب سے چھوٹا دن اور سب سے لمبی رات ہوتی ہے۔ اس کے بعد دن بڑھنا اور راتیں گھٹنا شروع ہوتے ہیں اور ۲۲ جون کو سال کا سب سے بڑا دن اور سب سے چھوٹی رات ہوتی

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

ہے۔(پیرانمبر۳)

سردیوں کے موسم میں بہت سے پرندے سرد علاقوں سے نسبتاً کم سرد علاقوں کی طرف ہجرت کرتے ہیں۔ خوراک میں خشک میوجات اور دیگر لوازمات کا اضافہ ہو جاتا ہے جبکہ یہ موسم خزاں کا بھی ہے کہ جب اکثر پیڑوں کے پتے بھی جھڑ جاتے ہیں اور صنعتی علاقوں میں قائم ملز اور فیکٹریوں سے نکلنے ولا دھواں فضا کو آلودہ کرتا ہے۔ جبکہ برفباری والے علاقوں میں سیاحوں کا ہجوم بڑھ جاتا ہے۔

-----------

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com



www.Perfect24u.com

Perfect24u.com